کی اسلامی دفعات کے تحفظ کے لیے بروقت اور موثر کردار ادا کریں۔ اجلاس میں مجلس احرار اسلام کے رہنماؤں مولانا سید عطاء المہیمن بخاری، مولانا محمد اسحاق سلیمی، چودھری ثناء اللہ بھٹہ، سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، میاں محمد اویس اور پاکستان شریعت کونسل کے مولانا زاہد الراشدی، جناب نذیر احمد غازی ایڈووکیٹ، جناب ملک ربنواز ایڈووکیٹ اور جناب چودھری محمد ظفر اقبال ایڈووکیٹ نے بھی شرکت کی۔

قادیانی خود مختار کشمیر کا نعرہ لگا کر صیہونی عزائم کی تکمیل میں مصروف ہیں

(شفیع الرحمٰن احرار)

کراچی (محمود احمد) کشمیر بنے گا پاکستان کا نعرہ صرف جہاد ہی کے ذریعہ حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادیں اور استصواب رائے کا مفروضہ صیہونی فری میسن کا تسلسل ہے۔ ملیر کراچی کے ایک اجتماع میں کشمیری حریت پسند مظلوم مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے مجلس احرار اسلام کراچی کے جنرل سیکرٹری شفیع الرحمٰن احرار نے کہا کہ کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کو سامراجی اور استحصالی قوتوں کے ظلم و ستم سے نجات دلانے کے لئے سب سے پہلے مجلس احرار نے قائد احرار امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، چودھری افضل حقؒ، ماسٹر تاج الدین انصاریؒ کی قیادت میں 1931ء میں پہلی تحریک آزادی کشمیر کا آغاز کیا تھا 64000ہزار احرار رضاکاروں نے پورے برصغیر کے تمام صوبوں سے کشمیر کی جیلیں کو بھر دیں تھیں۔ یہی وہ موقع تھا جب مرزا بشیر الدین محمود قادیانی آنجہانی نے کشمیری مسلمانوں کی غربت و افلاس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ارتدادی سرگرمیاں شروع کر دی تھیں مگر مجلس احرار کی جاری کردہ تحریک کشمیر نے یہاں کے غریب مسلمانوں کے ایمان کو تحفظ اور معاشی ظلم و ستم سے نجات دلانے کیلئے سرگرم ہونے کا شعور فراہم کیا۔ اسی تحریک کے نتیجہ میں علامہ اقبال کو قادیانیوں کی ارتدادی سرگرمیوں کا ادراک ہوا اور انھوں نے احرار کی نشاندہی کرنے پر قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا دینی و سیاسی مطالبہ کیا۔ تقسیم ہند کے فارمولا کے مطابق گورداسپور پاکستان کا حصہ تھا مگر چودھری ظفر اللہ قادیانی آنجہانی نے قادیان کو مسلمانوں کی دست برد سے بچانے کیلئے بھارت میں شامل کروا کر بھارت کو کشمیر میں مداخلت کرنے کا جواز فراہم کیا۔ اور پھر قادیانی گروہ خود مختار کشمیر کا نعرہ لگا کر امریکی اور برطانوی عزائم کی تکمیل کے لیے سرگرم عمل ہے۔ اسرائیل کے طرز پر خود مختار اسٹیٹ کا نعرہ بین الاقوامی سازش ہے۔ پاکستان کے مسلمان قادیانیوں کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں اور تبلیغ و جہاد کے اصول پر کاربند رہیں۔ ان شاء اللہ کشمیر آزاد ہو کر رہے گا۔